## پاکستان میں جمہوری حکومت کو جاری وساری رکھنا ملک وقوم کے مفاد میں ہے،الطاف حسین

### ایسا کوئی قدم نہ اٹھایا جائے جس سے موجودہ جمہوری نظام ٹکڑے ٹکڑے ہوجائے

### قانونی معاملات اور پیچیدگیوں سے متعلق عدلیہ جو کچھ بھی فیصلہ کرے ہم اس کا احترام کریں گے لیکن ملک میں جو جمہوری عمل جاری ہوا ہے اسے کسی بھی طریقہ سے ڈی ریل نہ ہونے دیا جائے

لندن۔۔۔18،دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایک طویل جدوجہد کے بعد پاکستان میں جمہوری حکومت کا قیام عمل میں آیا ہے اسے جاری وساری رکھنا ملک وقوم کے مفاد میں ہے۔انہوں نے ارباب اختیار سے مطالبہ کیا کہ ایسا کوئی قدم نہ اٹھایا جائے جس سے موجودہ جمہوری نظام ٹکڑے ٹکڑے ہوجائے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ صدر پاکستان اور دیگر افراد کے خلاف عدالت عظمیٰ نے جو مقدمات دوبارہ کھولے ہیں ہم اس کی تکریم کرتے ہیں اور ارباب اختیار سے یہ کہنا چاہیں گے کہ قانونی معاملات اور پیچیدگیوں سے متعلق عدلیہ جو کچھ بھی فیصلہ کرے ہم اس کا احترام کریں گے لیکن ملک میں جو جمہوری عمل جاری ہوا ہے اسے کسی بھی طریقہ سے ڈی ریل نہ ہونے دیا جائے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایک طویل جدوجہد کے بعد ملک میں جمہوری حکومت کا قیام عمل میں آیا ہے اسے جاری وساری رکھنا ملک وقوم کے مفاد میں ہے لہٰذا ایسا کوئی قدم نہ اٹھایا جائے جس سے موجودہ جمہوری نظام ٹکڑے ٹکڑے ہوجائے۔

## دہشت گردی کے خلاف صف آراء اور متحد ہیں، یہ حوصلہ اور جذبہ دہشت گردوں کے ناپاک عزائم خاک میں ملادے گا،الطاف حسین

### لوئر دیر میں تیمر گرہ خورشید پولیس لائن کے باہر مسجد میں ہونے والے بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت

لندن۔۔۔18،دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لوئر دیر میں تیمر گرہ خورشید پولیس لائن کے باہر مسجد میں ہونے والے بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ مسجدوں میں بم دھماکے کرکے اپنے ہی کلمہ گو مسلمان بھائیوں ،خواتین ، بزرگوں اور حتیٰ کہ بچوں تک کو سفا کی سے قتل کرنے والے اسلام اور ملک وقوم کے کھلے دشمن ہیں۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے بم دھماکے میں ہلاک وزخمی ہونے والے افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور دہشت گردوں کی جانب سے مسجد میں بم دھماکے کی مذموم کارروائی کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد بم دھماکوں کی کارروائیاں کرکے ملک کو عدم استحکام سے دوچار کرنا چاہتے ہیں تاہم مسلح افواج ،سیکورٹی فورسز اور ملک بھر کے عوام تمام نسلی ،قومیتی ، برادری ،مسلکی اور فقہی اختلافات سے بالاتر ہوکر اپنی جانوں کی قربانی پیش کرنے کے ساتھ ساتھ جس طرح دہشت گردی کے خلاف صف آراء اور متحد ہیں انشاء اللہ یہ حوصلہ اور جذبہ دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملادے گا۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب دہشت گرد ملک بھر میں دہشت گردی کرکے معصوم عوام کو نشانہ بنارہے ہیں اور دوسری جانب بعض عناصر کی جانب سے ان کی حمایت کی جارہی ہے جو سراسر کھلی منافقت اور دہشت گردوں کے مذموم مقاصد میں مدد وتعاون فراہم کرنے کے مترادف ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والے افراد کیلئے دعائے مغفرت اور زخمیوں کیلئے جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری ، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ لوئر دیر میں مسجد میں ہونے والے بم دھماکے کا سختی سے نوٹس لیا جائے ، دہشت گردوں کے عزائم کو ہر سطح اور ہر ممکن طریقے سے ناکام بنایا جائے اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں عوامی تعاون اور مدد حاصل کی جائے اور ان کے خلاف وسیع نیٹ ورک بنا کر ملک وقوم کو جلد از جلد اس عفریت سے نجات دلائی جائے۔

## محرم الحرام کا آغاز انسانی تاریخ میں عظیم قربانیوں سے عبارت ہے، الطاف حسین

## شیعہ وسنی علمائے کرام اور عوام محرم الحرام کے دوران فرقہ وارانہ ہم آہنگی، بھائی چارے کی فضاء برقرار رکھیں، محرم الحرام پر پیغام

لندن۔۔۔18دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اپنے پیغام میں کہا کہ محرم الحرام میں تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عوام بالخصوص شیعہ اور سنی عوام پر لازم ہے کہ وہ اسلامی تاریخ میں دی جانے والی لازوال قربانیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے نہ صرف حق وصداقت کیلئے عملی جدوجہد کریں بلکہ اپنے اپنے مسلک، فقہ اور عقائد پر قائم رہتے ہوئے ایک دوسرے کے عقائد اور مسالک کا بھی کھلے دل سے احترام کریں۔ جناب الطاف حسین نے پاکستان بھر کے عوام بالخصوص شیعہ وسنی عوام سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ محرم الحرام کے دوران فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارے کی فضاء برقرار رکھیں۔ ایک دوسرے کی جان ومال اور عبادتگاہوں کی حفاظت کریں، اپنی صفوں میں اتحاد و بھائی چارہ برقرار رکھتے ہوئے سازشی عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور ماضی کی طرح مثالی اتحاد کا مظاہرہ کرتے ہوئے شیعہ وسنی عوام کو آپس میں لڑانے کی سازشوں کو ناکام بنادیں۔ جناب الطاف حسین نے شیعہ وسنی علمائے کرام سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ اپنی تقاریر اور خطبات میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی، بھائی چارے اور اتحاد واتفاق کا درس دیں اور ایک دوسرے کے خلاف اشتعال انگیز تقاریر کرنے والے عناصر کی حوصلہ شکنی کریں۔

## مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں شہید ہونے والے ایم کیوایم کے کارکنان عارف، منصور شیخ اور عبدالعزیز قاتلوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزادی جائے، ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔18، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے مطالبہ کیا ہے کہ مسلح حقیقی دہشت گردوں اور دیگر جرائم پیشہ عناصر کے ہاتھوں ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 86 کے کارکن عارف، ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ B-103 کے جواں سال کارکن منصور شیخ اور ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ B-93 کے سابق یونٹ انچارج بابر زین جمال کے بھانجے عبدالعزیز کے بہیمانہ قتل کی وارداتوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان کی قتل وغارتگری کا سلسلہ فی الفور بند کرایا جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایک ہفتے کے دوران ایم کیوایم کے دو کارکنان اور ایک ہمدرد کو فائرنگ کا نشانہ بنا کر بے دردی سے شہید کرنا ہر امن پسند شہری کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔ جو دہشت گرد عناصر قتل وغارتگری کے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کرکے ایم کیوایم کے حق پرستانہ مشن ومقصد اور جدوجہد کی راہ میں رکاوٹ حائل کرنا چاہتے ہیں وہ ماضی کی طرح ناکام ہوجائیں گے لیکن ایم کیوایم کے پرعزم کارکنان کے حوصلوں میں کمی پیدا نہیں کرسکتے اور نہ ہی انہیں حق پرستانہ مشن ومقصد اور نظریئے کے فروغ سے روک سکتے ہیں۔ انہوں نے عارف شہید، منصور شیخ شہید اور عبدالعزیز شہید کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کرتے ہوئے کہا کہ حق پرست شہداء کے سفاک قاتل ایک دن ضرور قانون کی گرفت میں ہوں گے۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ایک ہفتے میں ایم کیوایم کے دو کارکنان عارف شہید، منصور شیخ شہید اور ایک ہمدرد عبدالعزیز کے بہیمانہ قتل میں ملوث درندہ صفت دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور انہیں قانون کے مطابق عبرتناک سزادی جائے۔

## ایسوسی ایشن آف ہیلتھ جرنلسٹ کے نائب صدر اور مقامی صحافی عارف ہاشمی سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔18، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایسوسی ایشن آف ہیلتھ جرنلسٹ کے نائب صدر اور مقامی صحافی عارف ہاشمی کے والد ابرار حسین ہاشمی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزی تو ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## دہشت گرد ملک وقوم کیلئے ناسور ہیں اوران کے خلاف کارروائیاں کرنے والے افسران اوراہلکار جہاد کررہے ہیں، رابطہ کمیٹی
## رمضان گوٹھ سے دہشت گردنوران گل محسود کی اسلحہ، خودکش جیکٹ سمیت گرفتاری نے ایک مرتبہ پھرالطاف حسین کے خدشات کودرست ثابت کردیا

کراچی۔۔۔18، دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے قانون نافذ کرنے والے ادارے کی جانب سے کراچی میں بلدیہ ٹاؤن کے علاقے اتحادٹاؤن سے طالبان کمانڈرفضل اکبراورمنگھوپیر کے علاقے رمضان گوٹھ سے کالعدم تحریک طالبان پاکستان کے سربراہ حکیم اللہ محسود کے قریبی ساتھی نوران گل محسود کی گرفتاری اوران سے اسلحہ، دھماکہ خیز مواد، خودکش جیکٹ کی برآمدگی پرتبصرہ کرتے ہوئے کہاہے کہ دہشت گردوں کی مسلسل گرفتاریاں کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش کے حوالے سے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے ماضی میں بیان کئے گئے تحفظات اور خدشات کومکمل طور پرایک مرتبہ پھردرست ثابت کرتے ہیں۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ آج ملک دہشت گردی کی لپیٹ میں ہے اوراس سے کئی ماہ قبل ہی قائدتحریک جناب الطاف حسین نے طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش سے حکمرانوں اورعوام کوآگاہ کرنا شروع کردیا تھالیکن اس کے باوجود بعض نام نہاد مذہبی جماعتوں نے طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش سے نہ صرف انکارکیا بلکہ جناب الطاف حسین کے بیان کردہ حقائق کوواویلاقرار دیتے ہوئے مسترد کردیا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ آج کراچی اورملک بھر کے زمینی حقائق ثابت کررہے ہیں کہ جناب الطاف حسین نے طالبانائزیشن کی سازش کے حوالے سے جن خدشات اورتحفظات کا اظہار کیا تھا وہ بالکل درست تھے اوران کے خدشات اورتحفظات کواہمیت دی جاتی تو آج ملک وقوم کودہشت گردی کے عفریت کا اس بری طرح سے سامنانہیں کرناپڑتا اوراس سے نمٹنے کیلئے پیشگی طور پرہی تیاریاں مکمل کرلی جاتی ۔رابطہ کمیٹی نے کراچی میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران اوراہلکاروں کوکالعدم تحریک طالبان پاکستان کے متعدد دہشت گردوں کوگرفتار کرنے اوران کے ناپاک عزائم کوخاک میں ملانے پرخراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گرد ملک وقوم کیلئے ناسور ہیں اوران کے خلاف کارروائیاں کرنے کے افسران اوراہلکار جہاد کررہے ہیں۔

## ایم کیوایم لائینز ایریاسیکٹر کے سیکٹرانچارج، برنس روڈاورلانڈھی سیکٹرز کے سوگوارکارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔18، دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لائینز ایریاسیکٹر کے سیکٹرانچارج ضیاءالدین کی ہمشیرہ محترمہ نعیمہ، ایم کیوایم برنس روڈسیکٹر یونٹ 35 کے کارکن منصورالحق کیانی کی والدہ محترمہ زاہدہ بیگم، ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 85 کے کارکن محمدعلی کی والدہ محترمہ شاہجان بیگم اورایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 87 کے کارکن زبیرحسین کے والداکبرحسین کے انتقال پرگہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کوجنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم ملک کی واحدسیاسی جماعت ہے جس کے دامن پرکرپشن کا کوئی داغ نہیں ہے، ڈاکٹر فاورق ستار، انیس احمد قائم خانی
## ایم کیوایم کا یہ امیج قائدتحریک الطاف حسین کی تعلیمات کی مرہون منت ہے

کراچی۔۔۔18، دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستاراورانیس احمد قائم خانی نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ملک کی واحدسیاسی جماعت ہے جس کے دامن پرکرپشن کا کوئی داغ نہیں ہے اورملک کی سیاست میں ایم کیوایم کا یہ امیج قائدتحریک جناب الطاف حسین کی ولولہ قیادت اورتعلیمات کی مرہون منت ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں متحدہ قومی موومنٹ کی حق پرستانہ جدوجہد کا مقصد ملک سے فرسودہ نظام کی مستقل تبدیلی ہے اوراب ملک عارضی تبدیلیوں کا مزید متحمل نہیں ہوسکتا۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے عوام باربارآزمائی ہوئی سیاسی ومذہبی جماعتوں کے جعلی اورفریبی نعروں، دعوؤں اوروعدوؤں سے نہ صرف اچھی طرح واقف ہوچکے ہیں بلکہ تنگ آچکے ہیں اوراب وہ ملک میں نئی اورعوامی خدمت کا جذبہ رکھنے والی حق پرست قیادت کی طرف امیدبھری نظروں سے دیکھ رہے ہیں اورقائدتحریک جناب الطاف حسین نے ملک کی سیاست میں جس وسیع القلبی اوردانشمندی کا مظاہرہ کیا ہے اس نے ایم کیوایم مخالفین کوبھی سوچنے پرمجبور کردیا ہے کہ ایم کیوایم ہی وہ جماعت ہے جوملک وقوم کوہرکٹھن اورکڑے امتحان سے باہرنکال سکتی ہے اوراسے درپیش چیلنجوں کا جمہوری طریقے سے مقابلہ کرسکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ موجودہ نازک ترین صورتحال میں ملک کو

ایسی حوصلہ مند، باہمت اورحق پرست قیادت کی ضرورت ہے جو دہشت گردی کے خلاف عوامی رائے عامہ ہموار کر سکے،عوام کی اصلاح کر سکے،انہیں بنیادی سہولیات بہم پہنچا سکے اورعوامی مسائل حل کر کے ملک وقوم کوترقی وخوشحالی کی راہ پرگامزن کر سکے۔ڈاکٹر فاروق ستاراورانیس احمد قائم خانی نے یقین ظاہرکیا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہدضرورکامیاب ہوگی اورملک بھرمیں ایک دن ضرورغریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی کا سورج طلوع ہوگا۔

## متحدہ قومی موومنٹ کی لیگل ایڈ کمیٹی کا کراچی بار میں کسی بھی پینل کی حمایت نہیں کر رہی ہے

کراچی۔۔۔18،دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی لیگل ایڈ کمیٹی نے کراچی بار میں ہونے والے الیکشن میں کسی بھی پینل کی حمایت نہیں کررہی ہے۔اپنے ایک بیان میں لیگل ایڈ کمیٹی نے کہا کہ کراچی بار کے الیکشن میں تمام امیدواران بطوروکیل اور کراچی بارایسوسی ایشن کی ممبر کی حیثیت سے ذاتی طور پرالیکشن میں حصہ لے رہے ہیں۔انہوں نے تمام ووٹرزحضرات سے کہا کہ وہ مرضی ومنشااورضمیر کے مطابق اپناحق رائے دہی استعمال کریں۔

## لانڈھی سیکٹر کے کارکن عارف شہید لانڈھی کے قبرستان میں سپرد خاک،سوئم کل ہوگا

## نماز جنازہ اورتدفین میں رابطہ کمیٹی،حق پرست نمائندوں کی شرکت

کراچی۔۔۔18،دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ لانڈھی سیکٹر کے کارکن عارف شہیدکوسینکڑوں سوگواروں کی آہوں اورسسکیوں کے درمیان اسماعیل گوٹھ قبرستان لانڈھی میں سپرد خاک کردیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ سنہری مسجد لانڈھی نمبر1 میں ادا کی گئی نماز جنازہ اورتدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم تاجک،حق پرست صوبائی وزیر شیخ محمد افضل،اراکین قومی وصوبائی اسمبلی آصف حسنین،علیم الرحمٰن،لانڈھی ٹاؤن کے نگراں ٹاؤن ناظم حمید،یوسی ناظمین،نائب یوسی ناظمین،کونسلر،کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان،سیکٹر کمیٹی ویونٹس کمیٹیوں کے ارکان،کارکنان،ہمدردوں اورشہید کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد نے شرکت کی اور عارف شہیدکوزبردست خراج تحسین پیش کیا۔شہید کا سوئم ہفتہ 19 دسمبر بعدنمازظہر سنہری مسجدلانڈھی نمبر1 میں ہوگا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی جبکہ خواتین کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ کاانتظام شہید کی رہائشگاہ پر ہے۔

☆☆☆☆☆